متحدہ قومی موومنٹ ساؤتھ افریقہ کے زیراہتمام فورڈز برگ میں کامیڈی میوزیکل شو کا انعقاد

پاکستان سے آئے ہوئے فنکاروں شکیل صدیقی، سکندر صنم، رؤف لالہ اور دیگر فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا

پاکستانی فنکاروں نے اپنے مخصوص انداز میں مختلف مزاحیہ خاکے پیش کرکے حاظرین کو بہت محظوظ کیا

جوہانسبرگ۔۔۔13 فروری 2011ء

ساؤتھ افریقہ میں متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام فورڈز برگ میں کامیڈی میوزیکل شو منعقد کیا گیا جس میں پاکستان سے آئے ہوئے فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ان فنکاروں میں شکیل صدیقی، سکندر صنم، رؤف لالہ، طفیل خان، شمع، ماریہ خان، ارم طاہراور سیف علی خان شامل ہیں۔میوزیکل شو میں پاکستانی اور دیگر ایشیائی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔پاکستانی فنکاروں نے اپنے مخصوص انداز میں مختلف مزاحیہ خاکے پیش کرکے حاظرین کو بہت محظوظ کیا اور قہقہے بکھیرے جبکہ گلوکاروں نے خوبصورت نغمے گا کر اپنی آواز کا جادو جگایا۔حاظرین نے بھی اپنی زوردار تالیوں کے ذریعے فنکاروں کی حوصلہ افزائی کی اور انکے فن کو بے حد پسند کیا۔بعدازاں پاکستانی فنکار حاظرین میں گھل مل گئے۔عوام نے مختصر وقت میں شاندار شو منعقد کرنے پر ایم کیو ایم ساؤتھ افریقہ کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆